# انٹر نیشنل طلبہ کے لئے امتحان کا طریقہ کار

انٹر نیشنل طلبہ کے لئے امتحان آنلائن منعقد کیا جاتا ہے۔امتحان کے لئے سوالیہ پیپر بھی یونیورسٹی کے ایل ایم ایس پورٹل پر مہیا کئے جاتے ہیں۔ پیپر لکھنے کے بعد اسے سکین کر کے پی ڈی ایف فائل بنا کر ایل ایم ایس پورٹل پر اپلوڈ کرنے ہوتے ہیں۔ طلبہ کی مانیٹرنگ کے لئے ایم ایس ٹیمز یا اتھارٹی کی جانب سے منظور شدہ مانیٹرنگ ایپلی کیشن استعمال کی جاتی ہے۔امتحان کے دوران طلبہ کو کیمرہ کے سامنے بیٹھنا ہوتا جس میں طلبہ کا چہرہ، ہاتھ اور پیپر امتحانی عملہ کو نظر آنا چاہئے۔امتحان کے حوالے سے جملہ ہدایات امتحان شروع ہونے سے پہلے طلبہ کو مہیا کر دی جاتی ہیں۔

# تعلیمی پروگرامز برائے سمسٹر خزاں2024

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے بیرون ملک طلبہ کے لئے سمسٹر خزاں2024 میں داخلے 15 جولائی2024 سے شروع ہو رہے ہیں۔

سمسٹر خزاں 2021 سے پوری دنیا میں مقیم پاکستانیوں کے لئے 30 سے زیادہ تعلیمی پروگرام پیش کر رہی ہے۔ سمسٹر خزاں2024 میں میٹرک اور انٹر میڈیٹ لیول پر مندرجہ ذیل پروگرام پیش کئے جا رہے ہیں:

1۔ سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (میٹرک) نئی تعلیمی پالیسی کے تحت
2۔ میٹرک اوپن کورسز – دورانیہ 6 ماہ
3۔ ہائر سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (انٹر میڈیٹ) نئی تعلیمی پالیسی کے تحت
4۔ آئی کام
5۔ انٹر میڈیٹ اوپن کورسز – دورانیہ 6 ماہ

# میٹرک پروگرام کے اوپن کورسز

## تعارف:

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی مختلف سطح پر مختلف سرٹیفکیٹ، ڈپلومہ اور ڈگری پروگرامز پیش کر رہی ہے۔ اس کے علاوہ، یونیورسٹی متعلقہ طلباء کی انفرادی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے انفرادی کورسز بھی پیش کرتی ہے جو اپنی اعلیٰ تعلیم یا پیشہ ورانہ کیریئر کے حصول کے لیے مختلف ضروریات کو پورا کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ ان طلباء میں شامل ہو سکتے ہیں لیکن ان تک محدود نہیں:

1. وفاق المدارس کے طلباء جنہیں ایچ ای سی سے مساوات کا سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لیے اضافی کورسز کی ضرورت ہے۔
2. وہ طلباء جو انفرادی کورسز کا خود مطالعہ کرنا چاہتے ہیں تاکہ کسی خاص مضمون کے بارے میں اپنے علم اور سمجھ میں اضافہ ہو سکے۔
3. پریکٹیشنرز جنہیں اپنے پیشے میں سبقت حاصل کرنے لیے ایک خاص کورس کا مطالعہ کرنے کی ضرورت ہے۔
4. وہ طلباء جنہیں کسی خاص ڈگری پروگرام میں داخلہ لینے کے لیے ضرورت کے طور پر اضافی کورسز پڑھنے کی ضرورت ہے۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اوپن کورسز کے ذریعے تمام طلباء کو میٹرک کے لازمی اور اختیاری کورسز پیش کر رہی ہے تاکہ وہ اپنی پڑھائی یا پیشہ ورانہ کیریئر کے دوران اپنی مطلوبہ ضروریات کو پورا کر سکیں۔ **تاہم ان طلباء کو کسی بھی صورت میں میٹرک کا سرٹیفکیٹ جاری نہیں کیا جائے گا۔ صرف کورس سرٹیفکیٹ جاری کیے جائیں گے۔**

| Course Code | Course Title | Credits |
|---|---|---|
| 200 | Selling of Home Made Products | 06 |
| 201 | Islamiat | 06 |
| 202 | Pakistan Studies | 06 |
| 203 | General Science | 06 |
| 204 | Urdu for Daily Use | 06 |
| 205 | Arabic | 06 |
| 207 | Compulsory English-I | 03 |

| | | |
|---|---|---|
| 215 | Education | 06 |
| 217 | Food and Nutrition | 03 |
| 221 | Compulsory English-II | 03 |
| 222 | Applied Food & Nutrition | 03 |
| 242 | Seerat-e-Tayyaba | 03 |
| 247 | Mathematics-I | 03 |
| 248 | Mathematics-II | 03 |
| 251 | Ethics (For Non-Muslim Only) | 06 |
| 260 | Information Technology Basics | 03 |

## اہلیت:

1) داخلے کے لیے امیدوار کی عمر کم سے کم 13 سال ہونی چاہیے۔
2) شناختی کارڈ/'ب' فارم کے بغیر داخلہ نہیں ہو گا۔

## فیس:

| داخلہ فیس | رجسٹریشن فیس | 3 کریڈٹ آورز کورس فیس | 6 کریڈٹ آورز کورس فیس |
|---|---|---|---|
| 50امریکن ڈالر | 50امریکن ڈالر | 50امریکن ڈالر | 50امریکن ڈالر |

## اسکیم آف اسٹڈیز:

مندرجہ بالا کورسز میں سے ہر ایک کو علیحدہ سرٹیفکیٹ کورس کے طور پر پیش کیا جائے گا۔ پروگرام کا دورانیہ 6ماہ (1 سمسٹر) ہو گا جس میں فی سمسٹر کورس کا زیادہ سے زیادہ بوجھ 12 کریڈٹ آورز ہو گا۔ سمسٹر 16-18 ہفتے کا دورانیہ۔ ذریعہ تعلیم انگریزی/اردو ہو گا اور اسے ODLموڈ پر پڑھایا جائے گا۔

## درسی مواد:

طلباء کو درسی مواد کوریئر سروس کے ذریعے فراہم کیا جائے گا۔ طلباء یونیورسٹی کی ویب سائٹ https://aiou.edu.pk/books پر دستیاب مطالعاتی مواد بھی ڈاون لوڈ کر سکتے ہیں۔

## تشخیص:

<u>پروگرام کے اجزاء درج ذیل ہیں:</u>

1) ہر 3 کریڈٹ آور کورس کی دو اسائنمنٹس اور 6 کریڈٹ آورز کورسز کی 4 اسائنمنٹس ہوں گی۔

2) فائنل امتحان ہر سمسٹر کے اختتام پر آن لائن لیا جائے گا جس میں طلباء کو ہر کورس پاس کرنے کے لیے فائنل امتحان میں شرکت کرنا ہو گی اور 40٪ پاسنگ نمبر حاصل کرنا ہوں گے۔

3) کورس کا نتیجہ مرتب کرنے کے لیے امتحانی مشقوں اور آخری امتحان کے کل 100 نمبروں کی تقسیم بالترتیب 70:30 کی نسبت سے ہو گی جبکہ امتحانی مشقوں اور آخری امتحان میں 40٪ نمبر لینا لازمی ہیں۔

پروگرام کوڈ 0333

## آئی کام (کامرس گروپ) (تمام سمسٹر اور کورسز لازمی ہیں)

### پہلا سمسٹر

یونیورسٹی میں پہلی مرتبہ داخلہ لینے والے طلبہ کے لئے 400 امریکن ڈالر فیس

پہلے سے رجسٹرڈ طلبہ کے لئے 350 امریکن ڈالر فیس

پہلے سے انٹرمیڈیٹ پروگرام میں داخل طلبہ کے لئے 300 امریکن ڈالر فیس

| کریڈٹ آورز | میڈیم | کورس ٹائٹل | کوڈ |
|---|---|---|---|
| 3 | اردو | اسلامیات یا | 316 |
| 3 | اردو | اخلاقیات (صرف غیر مسلم طلباؤطالبات کے لئے) | 319 |
| 3 | اردو | مطالعہ پاکستان | 317 |
| 3 | اردو | اردو (حصہ اول) یا | 363 |
| 3 | انگلش | انگریزی (حصہ اول) Compulsory English-I | 386 |

### دوسرا سمسٹر

300 امریکن ڈالر فیس

| کریڈٹ آورز | کورس ٹائٹل | کوڈ |
|---|---|---|
| 3 | Basics of Accounting | 1339 |
| 3 | Principles of Commerce | 1345 |
| 3 | Commercial geography | 1347 |
| 3 | Introduction to Business Math | 1349 |

# انٹر میڈیٹ پروگرام کے اوپن کورسز

## تعارف:

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی مختلف سطح پر مختلف سرٹیفکیٹ، ڈپلومہ اور ڈگری پروگرامز پیش کر رہی ہے۔ اس کے علاوہ، یونیورسٹی متعلقہ طلباء کی انفرادی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے انفرادی کورسز بھی پیش کرتی ہے جو اپنی اعلیٰ تعلیم یا پیشہ ورانہ کیریئر کے حصول کے لیے مختلف ضروریات کو پورا کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ ان طلباء میں شامل ہو سکتے ہیں لیکن ان تک محدود نہیں:

5. وفاق المدارس کے طلباء جنہیں ایچ ای سی سے مساوات کا سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لیے اضافی کورسز کی ضرورت ہے۔
6. وہ طلباء جو انفرادی کورسز کا خود مطالعہ کرنا چاہتے ہیں تاکہ کسی خاص مضمون کے بارے میں اپنے علم اور سمجھ میں اضافہ ہو سکے۔
7. پریکٹیشنرز جنہیں اپنے پیشے میں سبقت حاصل کرنے لیے ایک خاص کورس کا مطالعہ کرنے کی ضرورت ہے۔
8. وہ طلباء جنہیں کسی خاص ڈگری پروگرام میں داخلہ لینے کے لیے ضرورت کے طور پر اضافی کورسز پڑھنے کی ضرورت ہے۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اوپن کورسز کے ذریعے تمام طلباء کو انٹر میڈیٹ کے لازمی اور اختیاری کورسز پیش کر رہی ہے تاکہ وہ اپنی پڑھائی یا پیشہ ورانہ کیریئر کے دوران اپنی مطلوبہ ضروریات کو پورا کر سکیں۔ **تاہم ان طلباء کو کسی بھی صورت میں ایف اے کا سرٹیفکیٹ جاری نہیں کیا جائے گا۔ صرف کورس سرٹیفکیٹ جاری کیے جائیں گے۔**

| Code | Course Title | Credits |
|---|---|---|
| 301 | Daftri Urdu | 3 |
| 303 | Iqbaliat | 6 |
| 305 | Rural Development | 3 |
| 308 | General Science | 6 |
| 309 | Arabic | 6 |
| 311 | Book Keeping and Accountancy | 6 |
| 312 | Education | 6 |

| Code | Course Title | Credits |
|---|---|---|
| 315 | Economics | 6 |
| 316 | Islamiat | 3 |
| 317 | Pakistan Studies | 3 |
| 319 | Ethics (for Non-Mulsims Only) | 3 |
| 321 | Muslim History of Sub-Continent | 6 |
| 322 | Secretarial Practice | 3 |
| 330 | Child Care & Development | 3 |

| Code | Course Title | Credits |
|---|---|---|
| 343 | Islamiat (E) | 6 |
| 345 | Home Management & Home Furnishing | 3 |
| 346 | Principles of Commerce | 6 |
| 347 | Banking | 3 |
| 349 | Plant Protection | 3 |
| 356 | Food & Nutrition | 3 |
| 357 | Health & Nutrition | 3 |
| 360 | Information Technology | 3 |
| 361 | Persian | 6 |
| 363 | Urdu-I | 3 |
| 364 | Urdu-II | 3 |
| 376 | Human Rights | 6 |
| 386 | Compulsory English-I | 3 |
| 387 | Compulsory English-II | 3 |
| 389 | Quran-e-Hakeem | 6 |
| 390 | Hadith | 6 |
| 391 | Fiqh | 6 |
| 392 | Usull-ul-Fiqh | 6 |

| Code | Course Title | Credits |
|---|---|---|
| 394 | Statistics-I | 3 |
| 395 | Statistics-II | 3 |
| 398 | Sindhi+Easy Urdu-I | 3 |
| 399 | Sindhi+Easy Urdu-II | 3 |
| 1307 | Mathematics-I | 3 |
| 1308 | Mathematics-II | 3 |
| 1309 | Mathematics-II | 3 |
| 1339 | Basic of Accounting | 3 |
| 1340 | Business Accounting | 3 |
| 1345 | Principle of Commerce | 3 |
| 1346 | Essentials of Commerce | 3 |
| 1347 | Commercial Geography | 3 |
| 1348 | Introduction to Economics | 3 |
| 1349 | Introduction to Business Math | 3 |
| 1350 | Introduction to Business Statistics | 3 |

**اہلیت:**

1) ہائر سیکنڈری سکول پروگرامز (اوپن کورسز) میں داخلے کے لیے طالب علم کا میٹرک کے تمام لازمی اور اختیاری مضامین میں پاس ہونا ضروری ہے۔

## فیس:

| داخلہ فیس | رجسٹریشن فیس | 3 کریڈٹ آورز کورس فیس | 6 کریڈٹ آورز کورس فیس |
|---|---|---|---|
| 50امریکن ڈالر | 50امریکن ڈالر | 75امریکن ڈالر | 75امریکن ڈالر |

## اسکیم آف اسٹڈیز:

مندرجہ بالا کورسز میں سے ہر ایک کو علیحدہ سرٹیفکیٹ کورس کے طور پر پیش کیا جائے گا۔ پروگرام کا دورانیہ 6ماہ (1 سمسٹر) ہو گا جس میں فی سمسٹر کورس کا زیادہ سے زیادہ بوجھ 12 کریڈٹ آورز ہو گا۔ سمسٹر 16-18 ہفتے کا دورانیہ۔ ذریعہ تعلیم انگریزی/اردو ہو گا اور اسے ODLموڈ پر پڑھایا جائے گا۔

## درسی مواد:

طلباء کو درسی مواد کوریئر سروس کے ذریعے فراہم کیا جائے گا۔ طلباء یونیورسٹی کی ویب سائٹhttps://aiou.edu.pk/booksپر دستیاب مطالعاتی مواد بھی ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

## تشخیص:

**پروگرام کے اجزاء درج ذیل ہیں:**

1) ہر 3 کریڈٹ آور کورس کی 2اسائنمنٹس اور 6 کریڈٹ آورز کورسز کی 4اسائنمنٹس ہوں گی۔ طلباء کو ان اسائنمنٹس میں 40٪ پاسنگ نمبر حاصل کرنے ہوں گے۔

2) فائنل امتحان ہر سمسٹر کے اختتام پر آن لائن لیا جائے گا جس میں طلباء کو ہر کورس/موضوع کے لیے کوالیفائی کرنے کے لیے فائنل امتحان میں شرکت کرنا ہو گی اور 40٪ پاسنگ نمبر حاصل کرنا ہوں گے۔

3) کورس کا نتیجہ مرتب کرنے کے لیے امتحانی مشقوں اور آخری امتحان کے کل 100 نمبروں کی تقسیم بالترتیب 70:30 کی نسبت سے ہو گی جبکہ امتحانی مشقوں اور آخری امتحان میں 40٪ نمبر لینا لازمی ہیں۔

## ضروری ہدایات

۱۔ برائے مہربانی پراسپکٹس میں دی گئی معلومات کا بغور مطالعہ کریں اور ان پر عمل کریں۔

۲۔ آنلائن داخلہ فارم میں درست معلومات فراہم کریں اور تمام خانے مکمل کریں۔

۳۔ مضامین کا انتخاب بہت احتیاط سے کریں، فارم جمع ہو جانے کے بعد مضامین تبدیل نہیں کئے جاتے۔

۴۔ نامکمل داخلہ فارم قبول نہیں کئے جاتے۔

۵۔ تمام دستاویزات کی نقول گریڈ ۷۱ یا اس سے اوپر کے افسر سے تصدیق شدہ ہونی چاہئیں۔

۶۔ فیس ناقابل واپسی ہے اور کسی دوسرے طالب / سمسٹر یا پروگرام میں منتقل بھی نہیں کی جاسکتی۔

## یونیورسٹی کے تمام پروگراموں کے داخلہ کے قواعد

۱۔ جاری طلبہ کے لئے آنلائن داخلہ فارم مندرجہ ذیل لنک پر دستیاب ہے:

https://enrollment.aiou.edu.pk

نئے طلبہ کے لئے آنلائن داخلہ فارم مندرجہ ذیل لنک پر دستیاب ہے:

https://fmbp.aiou.edu.pk

۲۔ داخلہ فارم انگریزی کے بڑے حروف میں پُر کریں۔ اردو میں پُر کئے گئے داخلہ فارم قابل قبول نہیں ہیں۔

۳۔ واضح رنگین تصویر نیلے یا سفید بیک گراؤنڈ کے ساتھ سکین کر کے اپ لوڈ کریں۔

۴۔ تعلیمی دستاویزات (سرٹیفکیٹ، مارک شیٹ) کی سکین شدہ کاپیاں آنلائن اپ لوڈ کریں۔

۵۔ اصل چالان / آنلائن ٹرانزکشن سکین کر کے داخلہ فارم کے ساتھ اپ لوڈ کریں۔

۶۔ داخلہ فارم پر مکمل پتہ واضح طور پر لکھیں جس پر درسی مواد و دیگر خط و کتابت آسانی سے مل سکے۔

